**نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ**
**اور تجویز کردہ اقدامات**
**کام کرنے والا خاندان اور طلبہ کی مالی معاونت ایجنسی**

کام کرنے والا خاندان اور طلبہ کی مالی معاونت ایجنسی ، (Working Family and student Financial Assistance Agency (WFSFAA)) جو کہ طلبہ مالیات آفس ((Student Finance Office (SFO) اور کم آمدنی ورکنگ فیملی الاؤنس آفس ((Working Family Allowance Office (WFAO) کے ماتحت کام کرتی ہے، پُرعزم ہے کہ ہانگ کانگ کے ان ضرورت مند گھرانوں کو مالی اعانت فراہم کرے، بچوں اور نوجوانوں کو تعلیم کے حصول میں معاونت کرے اور ورکنگ فیملیز کی حوصلہ افزائی کرے کہ وہ فعال ملازمت حاصل کیے رہیں۔

WFSFAA متنوع نسل افراد کو قابل رسائی معلومات اور خدمات کی فراہمی کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ نسلی مساوات کی ترویج اور متنوع نسل کے افراد کو اپنی خدمات تک مساویانہ رسائی کے لیے اقدامات کا تذکرہ ذیل میں کیا جاتا ہے۔

**متعلقہ خدمات**

- طلباء کے لیے پری-پرائمری، پرائمری اور سیکنڈری لیولز کے لیے قابل اطلاق مختلف مالیاتی اسکیموں کے ذریعے ضرورت مند گھرانوں کی معاونت کرنا۔
- کم آمدنی ورکنگ فیملی الاؤنس اسکیم[1] (Working Family Allowance (WFA) Scheme) کے ذریعے خود انحصاری کی حوصلہ افزائی کرنا اور بین النسلی غربت میں کمی لانا۔

**موجودہ اقدامات اسکیم** **(A) مالی اعانت کی اسکیمز کی تشہیر**

- طلباء کے لیے پری-پرائمری، پرائمری سیکنڈری لیولز کے لیے قابل اطلاق مختلف مالیاتی اسکیموں سے متعلق معلومات اور WFA اسکیمز SFO اور WFAO کی متعلقہ ویب سائٹس پر چینی اور انگریزی کے ساتھ ساتھ آٹھ زبانوں[2] میں شائع کی جاتی ہیں۔ فوری رسائی کے لیے "متنوع النسل افراد کے لیے معاونتی خدمات" (Support Services for People of Diverse Race) سے متعلقہ ایک شارٹ کٹ آئکون بھی دونوں ویب سائٹس پر دستیاب ہے۔

[1] لو-انکم کم آمدنی ورکنگ فیملی الاؤنس کو کم آمدنی ورکنگ فیملی الاؤنس (WFA) اسکیم سے موسوم کیا گیا جو کہ 1 اپریل 2018 سے موثرالعمل ہے۔

- داخلہ امور انکوائری مراکز (Home Affairs Enquiry Centres)، محکمہ سماجی بہبود کے ضلعی دفاتر (District Offices of Social Welfare Department) اور ڈبلیو ایف ایس ایف اے اے کے انکوائری کاؤنٹرز پر تشہیری کتابچے/پوسٹرز، اور چینی اور انگریزی کے ساتھ ساتھ آٹھ زبانوں میں ترجمہ شدہ اسکیموں کے نمونہ فارمز عوام کے لئے دستیاب ہیں، اور انہیں SFO کی اسکیموں اور WFA کی WFAO اسکیموں کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ طلباء کی مالی معاونت کی اسکیموں سے متعلق تشہیری کتابچے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتہ (Department of Health) کے زچگی اور بچوں کے صحت کے مراکز (Maternal and Child Health Centres) اور ایجوکیشن بیورو (Education Bureau) کے علاقائی تعلیمی دفاتر (Regional Education Offices) میں بھی دستیاب ہیں اور ان کو سکولوں، کنڈرگارٹنز، بچہ نگہداشت مراکز اور سپورٹ سروس سنٹرز کے ذریعے متنوع نسلوں کے والدین/طلباء میں تقسیم کیا جاتا ہے، جبکہ لیبر ڈیپارٹمنٹ (Labour Department) کے سروس کاؤنٹرز پر WFA اسکیمز کے مواد موجود ہیں۔ عامۃ الناس میں ترویج کے لیے WFA اسکیم سے متعلق معلومات چینی اور انگریزی کے ساتھ ساتھ دیگر زبانوں کے اندر پیش کردہ ریڈیو پروگراموں اور اخبارات میں بھی شامل کی جاتی ہیں۔

- طلباء کی مالیاتی اعانت کی اسکیموں اور WFA اسکیم کو ہوم محکمہ امور داخلہ (Home Affairs Department(HAD)) کی طرف سے شائع کردہ کتابچے " اہانگ کانگ میں آپ کی رہنما کتاب

2 آٹھ زبانوں میں بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویت نامی شامل ہیں۔

("Your Guide to Services in Hong Kong) کے ذریعے متنوع نسل کے افراد کے لیے چھ دیگر زبانوں میں متعارف کروایا جاتا ہے۔

- بریفنگز کے ذریعے، WFSFAA متنوع نسل کے افراد کو طلباء کی مالی اعانت کی اسکیموں کی تفصیلات اور WFA اسکیموں کی تفصیلات سے متعارف کرواتا ہے اور ان کو درخواست فارمز کو مکمل کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں بریفنگ دی جاتی ہے۔ جب بھی ضرورت پیش آتی ہے تو بریفنگ کے دوران ان کو ترجمانی کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ WFSFAA کی ہاٹ لائن/کاؤنٹر خدمات اور ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات بریفنگز کے موقع پر متنوع نسل کے افراد کے سامنے بھی متعارف کروائی جاتی ہیں۔

- نسلی اقلیتوں کے لئے معاون خدمت مراکز (Support Services Centres for Ethnic Minorities) کے ذریعے مختلف معاونتی اسکیمیں بھی متعارف کروائی جاتی ہیں جن کو فنڈز محکمہ امور داخلہ (HAD) اور/یا متنوع نسل کے افراد کے لیے تسلسل سے علاقے بھر میں خصوصی پروگرامز/تقاریب کے ذریعے آؤٹ ریچنگ سروسز فراہم کرنے والے ادارے فراہم کرتے ہیں جیسا کہ متنوع نسل کے افراد کے لیے ملازمتی میلے۔

### (B) استفسار اور درخواستی معاونت

**نسلی اقلیتی مرکز اسکیم**

انکوائری ہاٹ لائنز[3] ( <2345 2802> برائے SFOر <2558 3000> برائے WFAO) متنوع نسل کے افراد کے استفسارات کو ہانگ کانگ کرسچن سروس (Hong Kong Christian Service) کے تحت قائم نسلی اقلیتی مرکز (CHEER) کی معاونت سے ٹیلیفون ترجمانی سروس تک بلامعاوضہ رسائی فراہم کرتی ہے تاکہ ان کو درخواست کے استفسارات سے متعلق سہولت مل سکے۔ CHEER متنوع نسل

[3] جب متنوع نسل کے افراد مذکورہ بالا انکوائری ہاٹ لائنوں پر کال کرتے ہیں اور وائس سسٹم میں سے "دیگر زبانوں" کا انتخاب کرتے ہیں یا، متعین وقت میں کسی زبان کا انتخاب نہ کیا جائے تو، کال بروقت اور اطمینان بخش ٹیلیفون ترجمانی سروس کے لیے کال کو CHEER کے عملہ کو منتقل کر دیا جائے گا۔

کے افراد کو موقع پر بلا معاوضہ ترجمانی سروس بھی فراہم کرتی ہے۔

- آٹھ زبانوں میں انفارمیشن شیٹس متنوع نسل کے مہمانوں کے لیے نمایاں طور پر آویزاں کی جاتی ہیں جن میں متعلقہ مالیاتی اعانت اسکیموں اور نسلی اقلیتوں کے لئے معاون خدمت مراکز (Support Services Centres for Ethnic Minorities) کے روابط کی تفصیلات موجود ہیں جن کو محکمہ امور داخلہ (HAD) کی جانب سے فنڈز فراہم کیے جاتے ہیں، اور متنوع نسل کے درخواست گزاروں سے ان کے حوالے کے لیے ضمنی معلومات بند خطوط کے ذریعے طلب کی جاتی ہیں۔

- CHEER کا زبان شناختی کارڈ، جو آٹھ دیگر زبانوں میں ترجمانی خدمات کے لیے CHEER سنٹر کی ٹیلیفون ترجمانی سروسز کے ہاٹ لائن نمبروں کو ظاہر کرتا ہے، کاونٹرز پر دکھایا جاتا ہے تاکہ اگر متنوع نسل کے افراد کو ترجمانی کی سروس کی ضرورت ہو تو عملہ کے لیے سہولت رہے کہ وہ ان کے لیے اس حوالے سے مناسب انتظام کر سکے۔ متنوع نسل کے افراد زبان کے شناختی کارڈ پر اپنی بولی جانے والی زبان کی نشاندہی کر سکتے ہیں، اور ہمارا عملہ ہاٹ لائن پر کال کرنے میں مدد کرسکتا ہے تاکہ متنوع نسل کے افراد ہمارے عملہ کے ساتھ بات چیت کرسکیں۔

- WFSFAA متنوع نسل کے افراد کے لیے سروس فراہم کرتے ہوئے ضرورت پڑنے پر کاؤنٹرز پر یا ان کی درخواستوں پر کارروائی کے دوران ترجمانی خدمات کا بندوبست کرے گا۔ مزید برآں، متعدد سپورٹ سروس سنٹرز (بشمول CHEER سنٹر (CHEER Centre)، HOMEسینٹر (HOME Centre)، HOPEسینٹر (HOPE Centre)، LINK سینٹر (LINK Centre)، TOUCH سینٹر (TOUCH Centre) نسلی اقلیتوں کے لئے سپورٹ سروس سنٹر (Yuen Long Town Hall Support Service Centre for Ethnic Minorities) کو دعوت دی گئیوئن لانگی ہے کہ وہ متنوع نسل کے افراد کو اعانت فراہم کریں، جیسا کہ ان کو مختلف اعانتی اسکیموں سے متعارف کروائیں، درخواست فارم کو

مکمل کرنے کے لیے رہنمائی فراہم کریں اور ان کے لیے درخواست سے متعلقہ دستاویزات کا ترجمہ کروائیں۔

### (C) تربیت عملہ

- WFSFAA عملہ کو متنوعی نسل کے افراد سے استفسارات کو نپٹانے کے حوالے سے باقاعدہ تربیت اور بطور حوالہ "متنوع نسل کے افراد کی شکایت نپٹانے سے متعلقہ طریقہء کار کی گائیڈ (Procedural Guide on Handling Enquiry from People of Diverse Race)" فراہم کرتا ہے۔ عملہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ دیگر متعلقہ تربیتوں سے بھی گزرے تاکہ وہ متنوع نسل کے درخواست دہندگان کی ضروریات، ان کی ثقافتی اور مذہبی پس منظر سے واقفیت کو بڑھا پائیں۔

- عملہ کے باسہولت حوالہ کے لیے متعلقہ گائیڈلائنز اور تربیتی مواد کا ای-ورژن دستیاب ہے۔

**مستقبل کے کام کا جائزہ** WFSFAA جاری رکھے گا کہ –

- مطالعات کے انعقاد کے لیے متنوع نسل کے افراد سے خدمات کے استعمال کے حوالے سے ڈیٹا اور شماریات کی جمع آوری کرے تاکہ پالیسیوں اور اقدامات کے کلیہ بندی/تخمینے میں سہولت ہو سکے۔

- ہماری خدمات اور ممکنہ بہتریوں سے متعلق متنوع نسل کے افراد کی کمیونٹیز اور اداروں سے تبصرے اور رائے طلب کرنا۔

- متنوع نسل کے افراد کی جانب سے ترجمانی کی خدمات سے متعلقہ فراہم کردہ تبصروں کا باقاعدگی سے جائزہ لینا تاکہ اپنی موثریت کو یقینی بنا پائے۔

- مزید بہتریوں کے لیے وقتاً فوقتاً متنوع نسل کے افراد کے لیے پیش کردہ خدمات کا جائزہ لینا۔

| | |
|---|---|
| | • جائزے اور بہتریوں کے لیے متعلقہ تربیتی پروگراموں اور سرگرمیوں میں شریک عملہ سے تبصرے اور مشورے طلب کرنا اور ان کا جائزہ لینا۔ |
| **اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں** | • متنوی نسل کے مزید افراد کو درخواستوں کے حوالے سے سہولت فراہم کرنے کے لیے آٹھ دیگر زبانوں میں، مختلف اعانتی اسکیمز سے متعلق تشہیری کتابچے اور نمونہ فارمز فراہم کرنا۔ |
| | • مذکورہ بالا آٹھ دیگر زبانوں میں ذاتی معلومات کے مجموعے کے بیان (Personal Information Collection Statement) کا ترجمہ کرنا تاکہ متنوع نسل کے درخواست دہندگان اپنے شخصی ڈیٹا کی جمع آوری کے مقصد کو مزید بہتر طور پر جان پائیں جب کہ وہ مالیاتی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہوں، اور وہ اس کے ساتھ ساتھ ذاتی ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس (Personal Data (Privacy) Ordinance) کے تحت اپنے شخصی ڈیٹا تک رسائی اور درستی کے اپنے حق کو مزید بہتر طور پر جان پائیں۔ |

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی WFSFAA کے مسٹر Miss Serene YEUNG ، چیف ایگزیکٹو آفیسر چینج منیجمنٹ (Chief Executive Officer (Change Management)) سے بذریعہ ذیل رابطہ قائم کریں –

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون نمبر | : | 2150 7676 |
| فیکس نمبر | : | 3102 9433 |
| ای میل | : | syyeung@wfsfaa.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | Room 1008, 10/F, Cheung Sha Wan Government Offices, 303 Cheung Sha Wan Road, Kowloon |

**کام کرنے والا خاندان اور طلبہ کی مالی معاونت ایجنسیمئی**
**جون 2025**